© rasailojaraid.com



زیر نظر شمارہ اس کا پانچواں شمارہ (جولائی تا ستمبر ۲۰۱۳ئ) ہے۔

یہ شمارہ سات مقالات پر مشتمل ہے۔ ڈاکٹر محمد یوسف فاروقی نے 'امتِ واحدہ کی تشکیل قرآن وسنت کی روشنی میں' کے موضوع پر تحقیقی بحث کی ہے۔ ڈاکٹر ریاض خاں الازہری نے طہارت کے موضوع پر اسلام اور جین مت کی تعلیمات کا تقابلی مطالعہ پیش کیا ہے۔ جناب غازی عبدالرحمن قاسمی نے 'پاکستانی معاشرے میں پسند کی شادی اور قتل غیرت' کے موضوع کا گہرائی سے تجزیہ کیا ہے۔ محترمہ حمیرا ناز کے مقالہ کا عنوان 'تعدد ازدواج اور اسلام' ہے۔ جناب محمد ارشد نے 'دہشت گردی: مفہوم، اسباب اور اثرات' کا تحقیقی مطالعہ پیش کیا ہے۔ جناب محمد اصغر شہزاد نے 'آسمانی کتابوں کی روشنی میں حرمتِ سود کا اثبات کیا ہے۔ آخری مقالہ 'فتاویٰ واستنباطِ مسائل میں شدت پسندی کا رجحان' کے عنوان سے ڈاکٹر مسفر بن علی محمد القحطانی کے عربی مقالے کا ترجمہ ہے۔ یہ مقالہ پہلے سہ ماہی تحقیقات اسلامی علی گڑھ میں شائع ہو چکا تھا۔

مجلہ کی مجلسِ مشاورت میں عالمی سطح کے اصحابِ علم وفضل کو رکھا گیا ہے۔ ان میں ہندوستان سے پروفیسر محمد یٰسین مظہر صدیقی اور ڈاکٹر محمد رضی الاسلام ندوی کے نام گرامی شامل ہیں۔

امید ہے، مجلہ کا علمی و تحقیقی معیار قائم رہے گا اور اس کی اشاعت کو وقت پر لانے کی کوشش کی جائے گی۔ (محمد رضوان خاں)


## پاکستان میں
## سہ ماہی تحقیقاتِ اسلامی کے لیے رابطہ کریں:

جناب سجاد الٰہی صاحب، 27-A، لوہا مارکیٹ، مال گودام روڈ، بادامی باغ، لاہور

Tel: 0300-4682752, (R)5863609, (0)7280916

Email: abdulhadi_133@yahoo.com




© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



# غیر مسلموں سے تعلقات اور ان کے حقوق

## مولانا سید جلال الدین عمری

مسلمانوں اور غیر مسلموں کے درمیان کیسے تعلقات ہونے چاہئیں ؟ یہ آج کا ایک اہم اور زندہ موضوع ہے۔ کیا اسلام اپنے ماننے والوں کے علاوہ دوسروں کو بنیادی انسانی حقوق سے محروم کردیتا ہے؟ کیا اس میں مذہبی رواداری، تحمل وبرداشت اور توسع نہیں پایا جاتا ہے؟ اسلام کے نزدیک غیر مسلموں سے خاندانی، معاشرتی، سماجی، کاروباری اور ازدواجی تعلقات کی نوعیت کیا ہے؟ غیر مسلموں کو سلام، مساجد میں ان کا داخلہ اور ان سے تحائف کے تبادلہ کا کیا حکم ہے؟ کیا مسلمانوں کے معاملات میں ان کی گواہی قبول کی جاسکتی ہے؟ اسلامی ریاست کی بنیادیں کیا ہیں؟ اور اس پر کیا اعتراضات کیے جاتے ہیں؟ جہاد کیا ہے اور اس کے احکام کیا ہیں؟ ذمیوں کے کیا حقوق ہیں؟ اسلامی ریاست کے بین الاقوامی تعلقات کی نوعیت کیا ہے؟ غیر مسلموں سے عدم تعلق کی ہدایات کا صحیح پس منظر کیا ہے؟ یہ چند ایسے اہم مسائل ہیں جن کا جدید ذہن اطمینان بخش جواب چاہتا ہے۔

کتاب میں اس نوع کے تمام مباحث پر قرآن وحدیث کی روشنی میں اور مستند مفسرین، محدثین اور فقہاء کے حوالوں کے ساتھ عالمانہ اظہار خیال کیا گیا ہے۔ ہندوستان کے پس منظر میں اس کی خصوصی اہمیت ہے اور دعوت وتبلیغ کے میدان میں کام کرنے والوں کی بھی یہ ایک اہم ضرورت ہے۔

مصنف کی نظر ثانی کے بعد جدید ایڈیشن، آفسیٹ کی حسین طباعت، عمدہ کاغذ، خوب صورت جلد، صفحات: ۳۲۰، قیمت: ۱۸۵/- روپے



© rasailojaraid.com